# Medical Help

| Given Amount | Case History | Date | S.No. |
|---|---|---|---|
| Rs. 4000/- | یہ کٹیہار کا رہنے والا ہے۔ یہ پراویٹ بجلی مستری کا کام کرتا ہے یہ بجلی کا کام کرتے وقت بری طرح جل گیا تھا اور اس کا بائیاں ہاتھ ڈاکٹر سمیر الرحمٰن نیا ٹولہ پھلواری شریف کے یہاں کاٹنا پڑا میں اسے بھی ہاسپٹل میں کئی بار دیکھنے گیا۔ اب یہ کٹیہار میں اپنی بیوی کے ساتھ مل کر پکوڑا بیچتا ہے۔ | | 1 |
| Rs. 2000/- | نام مسواح اررِیا کا رہنے والا ہے یہ سائیکل سے جا رہا تھا اچانک ٹرک کے ٹائر کے نیچے اس کا داہنا پاؤں آ گیا۔ یہ بھی ڈاکٹر سمیر الرحمٰن نیا ٹولہ میں بھرتی تھا اس کا داہنا پیر کاٹنا پڑا میں اسے بھی دیکھنے گیا تھا۔ اس کے بارے میں بہت جانکاری مجھے نہیں ہے۔ | 28-01-23 | 2 |
| Rs. 1000/-<br>Rs. 2,000/- | اس کا نام وسیمہ ہے اور یہ علی نگر میں بوا کا مام کرتی ہے۔<br>اسے دوا کے لئے ایک ہزار دیا گیا۔ | 16-02-23<br>9-11-23 | 3 |
| Rs. 10000/-<br>Rs. 9000/- | نام کامران۔ اس کا بائی پاس میں ٹیمپو بری طرح گھسٹا گیا تھا۔ اس لڑکے کا پاؤں ہاتھ پاؤں بری طرح سڑک سے گھسٹا کر گوشت تک اکھڑ گیا تھا۔ ہائی ڈروسل کا چمڑا تک اکھڑ گیا تھا۔ یہ ڈاکٹر سمیر الرحمٰن نیا ٹولہ میں بھرتی تھا اور اس کے ایک پیر میں آپریٹ کر کے Rod لگایا گیا اس لڑکے کی عمر ۱۳ سے ۱۴ سال کی ہے۔ میں اسے کئی بار دیکھنے بھی گیا اور اس کو جو ہو سکا مدد پہنچائی گئی۔ یہ نیا ٹولہ پھلواری شریف غیاث نگر میں رہتا ہے۔ Mob.: 917783050359 | 21-05-23 | 4 |
| Rs. 2000/- | روشن پورنیہ ضلع کی رہنے والی ہے اور ہارون نگر۔۲ میں رہتی ہے۔ اور گھروں میں جھاڑو پوچھا لگانے کا کام کرتی ہے۔ اس کے ہاتھ میں | 09-07-23 | 5 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | Abcces ہو گیا تھا۔ ڈاکٹر عباس صاحب کو دکھایا تھا انہوں نے آپریشن کر کے سارا مواد نکالا تھا۔ جس کے بعد اسے آرام ملا یہ تقریباً دس روز سے پریشان تھی اور سو بھی نہیں پا رہی تھی۔ یہ کئی گھروں میں گئی لیکن پیسے نہیں ملے تو اس لڑکی کی خالہ مریم میرے پاس لے کر آئی مریم کو میں تقریباً ۳۰ سالوں سے جانتا ہوں۔ یہبھی پورنیہ ضلع کی ہے۔ جو گھروں میں کام کرتی ہے۔<br>دو ہزا میں سب ہو گیا۔ چار پانچ سو بچا جو اسے کھانے پینے کے لئے دے دیا۔ | |
| 6 | | شمیمہ خاتو بیت الکریم مسجد نیا ٹولہ پھلواری شریف۔ انہیں دوا کے لئے تین ہزار دیا گیا۔ | Rs. 3000/- |
| 7 | 25-07-23 | یاسمین بوا۔ یہ ایک بوا ہیں ان کا نام یاسمین ہے۔ جو ملکیانہ محلّہ پھلواری شریف، میں رہتی ہیں۔ یہ ہارون نگر ۲ میں بوا کا کام کرتی ہیں۔ میں انہیں پہنچانتا ہوں۔ ان کا ایک ۳۴ سال کا بیٹا ہے۔ جسے Cancer ہے آپریشن ہو چکا ہے۔ مجھے ولی اشرف نے فون کیا کہ نجیب بھائی ملکیانہ میں ایک فیملی ہے جو بہت ہی مجبور اور پریشان حال مصیبت زدہ ہے آپ | Rs. 10000/- |
| | 05-08-23 | اس کا پتہ لگائیں اور جو ہو سکے مدد کریں میں وہاں گیا اس گھر کی حالت دیکھکر سکتے میں آ گیا کینسر والے مریض کی شکل بہت ہی ڈراؤنی تھی میرے ساتھ جاوید تھے اس آدمی کو دیکھ کر باہر بھاگ گئے اور میں کھڑا رہا اور بہت سارے سوالات کرتا رہا۔ ایک کمرہ میں تین خاتون زمین پر بیٹھی | Rs. 5000/- |
| | 08-08-23 | ہوئی تھیں۔ میں نے بوا سے پوچھا یہ کون لوگ ہیں بوا نے بتایا ایک میری بہو ہے میں نے بیٹا کی شادی ایک اپاہج لڑکی سے کر دیا تھا یہ سارا کام گھسیٹ گھسیٹ کر کر لیتی ہے۔ اس کے بغل میں ایک خاتون تھی میں نے پوچھا یہ کون ہے بوا نے بتایا کہ یہ میری بیٹی ہے جو جوانی میں ہی بیوہ ہو گئی۔ | Rs. 4000/- |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | ایک خاتون ایک چوکی پر بیٹھی ہوئی تھیں میں نے وُاُسے پوچا یہ کون ہیں تو بوا نے بتایا یہ میری بہن ہیں اور ان کا کوئی نہیں ہے انہیں بھی ہم اپنے ساتھ رکھتی ہوں بوا کا کام بھی چھوٹ چکا ہے۔ بوا کے ساتھ کھانے پینے کا بہت بڑا مسئلہ ہے 11/09/23 کو رات ۹ بجے Cancer والے بیٹے کا انتقال ہوگیا۔ میرے موبائیل میں بوا کے Cancer والے بیٹے کی تصویر ہے۔<br>بوا آفس آئی تھیں اور ولی اشرف اور فیاض صاحب سے بھی ان سے باتیں کیں اور زیادہ سے زیادہ جو بھی ہو سکے ان کی مدد کی جائے۔ مشیم صاحب کو بھی اس کی جانکاری ہے مین بتاتا رہا ہوں۔ میرے موبائیل میں بُوا کے Cancer والے بیٹے کی تصویر موجود ہے۔ | | |
| Rs. 10000/- | Md. Shahzad, Taj Nagar Karbala Phulwari Sharif, his brother Md. Ajad Mob. No. 620533465 محمد شہزاد جو تاج نگر کربلا میں رہتا ہے یہ خلیل پورا پھلواری شریف کے ایک بیکری میں کام کرتا ہے۔ یہ تقریباً ۹ بجے رات میں ایک گلی میں گیا جو RSS والوں کا محلّہ ہے ہاتھ کا پنکھا لینے گیا تھا یہ ۹ جون ۲۳ کا واقعہ ہے چار لوگوں نے اسے پکڑ لیا اور اس کے پیٹ میں چاقو مارا دو میں Hole ہے اور ایک چاقو سے اس کے پورے پیٹ کو چیر دیا اور پھر اس کے گلے پر چاقو سے وار کر کے گلے کو بھی تھوڑا چیر دیا۔ یہ ساری رات وہیں پڑا رہا صبح میں ایک چائے والے نے پولیس کو فون کیا پولیس آئی اور اُسے AIIMS میں بھرتی کرا دیا۔ تقریباً ۲۰ روز تک ICU میں رہا پھر کچھ ٹھیک ہوا تو گھر آیا۔ الخیر ہیڈ آفس کیپاس ٹیلر ماسٹر نے مجھے بتایا کہ میں ان لوگوں کے ساتھ ایک کرائے کے مکان میں ایک ساتھ رہتے تھے یہ لوگ مزدوری کر کے کھاتے پیتے لوگ ہیں۔ ٹیلر ماسٹر نے مجھے بتایا اور مجھ سے کہا کہ اس کو آپ دیکھ لیں میں اس کا پتہ لیکر تاج نگر گیا۔ اور اسے دیکھا | 06-08-23 | 8 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | پیٹ پورا چرا ہوا ہے اور تو بیٹا ۱۰ اسے زیادہ ٹانکے ہوں گے۔ گلے میں ایک مشین بھی لگی ہوئی تھی۔ اس کے تین چھوٹی بچی تھیں جو صرف پیٹ پہنی ہوئی تھی۔ جب میں اسے دیکھنے گیا تو اس وقت یہ بول نہیں پا رہا تھا کہ میں اس سے سوال کرون جو کچھ اس کے بھائی نے بتایا اس سے مجھے جانکاری ملی۔ یہ دو بار AIIMS گیا ڈاکٹر نے بتایا کہ اس کی بولی آنے میں کچھ وقت لگ سکتا ہے۔ پھر اس کے بھائی نے معلوم ہوا کہ اس کی بولی آ گئی ہے۔ لیکن ابھی بھی وہ کام کرنے کے لائق نہیں ہوا ہے میں نے دیکھا اس کا جسم بہت پیلا ہو گیا ہے۔ اس کا بدن بہت کمزور دیکھائی دیتا ہے۔ آج 19-09-23 رات اس کے بھائی سے بات ہوئی اس پورے طرح ٹھیک ہونے اور کام کے لائق ہونے میں کافی وقت لگے گا۔ اس کے ساتھ جو واقعہ پیش آیا تھا وہ 09-06-23 کا ہے۔<br>نوٹ اس کی تصویر میرے موبائیل میں Save ہے | |
| 9 | 24-08-23 | زبین النساء۔ یہ PSB میں بوا کا کام کرتی ہیں اور بوڑھی بھی ہیں دانت بھی کافی ٹوٹے ہوئے ہیں میں اس روز گیا تو وہ کام کرنے کے لئے آئی ہوئی تھیں۔ اور انہیں کئی روز سے بخار اور کافی کھانسی تھی میں نے انہیں کام کرنے سے منع کیا۔ ڈاکٹر صیف علی خان کے یہاں دیکھایا۔ ان کی فیس خون جانچ اور دوا ملا کر تین ہزار روپے کا خرچ تھا انہیں ۳ ہزار روپے دئے گئے ان سے دوبارہ ملاقات ہوئی یہ بالکل ٹھیک ہیں اور کام کر رہی ہیں۔ | Rs. 3000/- |
| 10 | 25-06-23 | Name of Patient- Bablu, Saiyadana Mohalla Phulwari Sharif, Patna Mob. 9523912860<br>ببلو کو 2022 میں فالج (Paralysis) Attack ہوا تھا۔ اور اس کا بایاں ہاتھ اور بایاں پاؤں اور سر میں فالج کا اثر ہوا تھا۔ یہ پھلواری شریف | Rs. 15000/- |

| | | | |
|---|---|---|---|
| Rs. 5000/-<br>Rs. 4000/-<br>RS. 2000/-<br>RS. 2500/-<br>RS. 3000/-<br><br>نوٹ: آپ سوچ سکتے ہیں جو ایک سال سے فالج میں مبتلہ ہو وہ کام کیسے کر سکتا ہے۔ اس لئے کھانے پینے کا بڑا مسئلہ ہے۔ | تھانہ گولمبر Bihar Medical کے پاس ٹھیلا پر سموسہ، لٹی اور چاٹ بیچتا تھا۔ فیملی اچھے سے چلا رہا تھا۔ دولڑکیوں کی شادی بھی کی ایک لڑکا کی شادی بھی کیا۔ لڑکا ناکارا نکلا آج وہ ماں باپ کو دیکھنے بھی نہیں آتا دونوں بیٹیاں سسرال میں ہیں۔ آج ببلو اوران کی اہلیہ جن کا نام انیسہ ہے پھلواری شریف کے سیدانا محلّہ میں ایک کرائے کے مکان میں دونوں میاں بیوی رہتی ہیں۔ جو کمانے والا تھا وہ آج لاچار ہے۔ اس کا کوئی سہارا نہیں کے اس کا علاج اور کھانے پینے کا انتظام ہو سکے۔ تھوڑی بہت مدد ہوتی ہے۔ لیکن وہ ناکافی ہے۔ مجھے اس کی جانکاری ملی میں ان کے گھر گیا اور دیکھا کہ یہ واقئی مدد کے قابل ہیں۔ الخیر سے مدد کیا جارہا ہے۔ لیکن وہ علاج کے لئے کافی نہیں۔ الخیر کا جو Medical Help پروگرام ہے اس مدد میں رقم کم ہی حاصل ہوتا ہے ادھر علاج ہو رہا ہے۔ میں نے انہیں گھر پر جو دیکھنے گیا تھا اس وقت ان کی مٹھی پورے طور پر نہیں کھل پارہی تھی۔ اور وہ ڈنڈے کے سہارے چل رہے تھے۔ اور بیٹھ بھی نہیں پارہے تھے لیکن کئی ماہ کے بعد 19-09-23 کو میں دوبارا گھر گیا تو ببلو نے مجھے دیکھایا کہ مٹھی اب کھل رہی ہے۔ اور بغیر کسی سہارے کے تھوڑا پاؤں کو گھسیٹ کر چل رہے ہیں پہلے یہ صحیح سے بیٹھ نہیں پارہے تھے۔ مجھے بیٹھ کر بھی دیکھا مجھے پوری امید ہے کہ یہ انشاء اللہ بالکل ٹھیک ہو جائیں گے۔ اگر قائدے سے اور علاج ہو جائے تو چار سے چھ ماہ میں یہ بالکل ٹھیک ہو جائیں گے اور اپنا ٹھیلہ والا کام شروع کر دینگے۔ ایسا مجھے لگتا ہے الخیر ٹرسٹ سے تھوڑی بہت مدد ہو رہی ہے۔ لیکن وہ کافی نہیں۔ علاج کے علاوہ انہیں کھانے پینے کے لئے بھی راشن کی ضرورت ہے الخیر ٹرسٹ سے کھانے پینے کے لئے کچھ رقم دی جارہی ہے۔ الخیر کا ایک Poor Help Fund بھی ہے لیکن اس Fund میں پیسے نہیں کے برابر ہیں۔<br>نوٹ:۔ اس کی تصویر میرے موبائیل Save ہے۔ | 21-09-23<br>07-10-23<br>19-10-23<br>8-11-23<br>18-11-23 | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| Rs. 4000/- | Name Saira Khatoon, Mohalla- Naya Tola Phulwari Sharif, Patna Mob. 756413658 Daughter Mobile No. 8676839990 Talat Perween<br>سائرہ خاتون پہلے ہارون نگر سیکٹر۲ میں کرائے کے ایک روم میں رہتی تھیں۔ ان کے شوہر نہیں ہیں۔ تین بیٹیوں کی شادیکر چکی ہیں۔ دو بیٹا ہے۔ ایک بے روزگار ہے اور ایک بیٹا سبزی باغ پٹنہ میں کریمیاں دواخانہ میں کام کرتا ہے۔ سائرہ خاتون ساڑی میں فال لگانے کا کام کرتی ہیں۔ گھر مشکل سے چل پاتا ہے۔ انہیں میں ۳۰ سالوں سے جانتا ہوں۔ یہ اکثر بیمار رہتی ہیں الخیر سے گاہے گاہے ان کو مدد ملتی رہی ہے۔ 31/8/23 کو یہ کربلا پھلواری شریف کے قریب Advance Multi Speciality Hospital میں بھرتی تھیں۔ انکے Kidney میں Stone ہے۔ ان کا Hemoglobin 5.9 ہوگیا تھا۔ انہیں چار یونٹ خون چڑھایا گیا۔ پیسکی دقت کی وجہ سے ان کا Operation نہیں ہو پا رہا ہے۔ میں انہیں 1/9/23 کو Hospital میں دیکھنے گیا تھا اب یہ گھر پر ہیں اور ٹھیک ہیں۔ اب ان سے محنت کا کام نہیں ہو پاتا ہے۔ کرایہ اور کھانے پینے کا مسئلہ ان کے ساتھ ہے۔ | 05-09-23 | 11 |
| Rs. 3000/-<br><br>Rs. 2500/- | Name- Mohammad Ashra, Mohalla Karbala Phulwari Sharif, Patna Mob: 9134712310<br>یہ کربلہ مسجد کے سامنے ٹھیلا پر سبزی بیچتے ہیں۔ میں اکثر وبشیتر کربلہ جایا کرتا ہوں میں نے انہیں ایک چھوٹا ٹیبل Fan ٹھیلا پر لگانے کے لئے دیا تھا میں انہیں کافی عرصہ سے جانتا ہوں۔ یہ بیمار ہو گئے اور میرے گھر آئے میں نے ڈاکٹر کا نسخہ دیکھا اس نسخے پر نہ ڈاکٹر کا نام تھا نہ ہی ڈگری بہٹا کا | 04-09-23<br><br>07-10-23 | 12 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | پتہ لکھا ہوا تھا اس ڈاکٹر کی دوا کھانے سے ان کی تکلیف اور بڑھ گئی اصل میں کافی دنوں سے انہیں کافی بخار اور کھانسی ہو گیا تھا۔ یہ بیمار ہو گئے تو ٹھیلہ پر رکھی ہوئی سبزی خراب ہو گئی جو تقریباً تین ہزار کی تھی۔ میں نے انہیں ڈاکٹر ارشد احمد مہاویر کینسر ہوسپٹل کے نزد Al Noor Appartment میں بیٹھتے ہیں اچھے Physician ہیں انہیں دیکھوایا ان کا علاج ہوا اور اللہ کے فضل سے ٹھیک ہو گئے اور اپنے کام میں لگ گئے۔ | | |
| Rs. 1000/- | Name Talat Perveen, Khagaul, Patna<br>Mob.: 8676839990<br>طلعت کے دو بچوں کو الخیر تعلیمی پروگرام کے تحت اسکول کی فیس دی جاتی ہے۔ جو کلاس X تک دیا جاتا ہے۔ یہ ایک روز بچوں کی فیس لینے آئی تھی۔ میں نے اسے دیکھا کافی پریشان دکھ رہی تھی میں نے اس سے پوچھا کیا بات ہے اس نے مجھے بتایا کہ سینے پر کھجلی ہوا اور میں نے اسے کھجلایا جس سے تکلیف بڑھ گئی ایک دوا دوکان سے دوا لیا دوا کھانے کے بعد پورے جسم میں دانا بھر آیا۔ پیسہ نہیں تھا کہ ڈاکٹر کو دکھائیں۔ میں نے اسے چار سو ڈاکٹر کی فیس اور چھ سو Extra دوا کے لئے دیا اس نے ڈاکٹر کو دکھایا اور ٹھیک ہو گئی۔ یہ کھگول میں کرائے کے مکان میں رہتی ہیں۔ اس کا شوہر گھروں میں پینٹر کا کام کرتا ہے۔ کبھی کام ملتا ہے کبھی نہیں ملتا ہے۔ میرے سروے سے اس بات کا پتہ چلا کے غریب لوگوں کو علاج کے لئے ایک ہزار، دو ہزار تین ہزار روپیوں کی ضرورت آن پڑتی ہے جو ان کے پاس نہیں ہوتا ہے۔ | 09-09-23 | 13 |
| Rs. 4000/- | Jamila Khatoon, Isapur, Nahar, Phulwari Sharif, Patna | 09-09-23 | 14 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | Juhi الخیر کے پھلواری برانچ میں Collection کا کام کرتی ہیں اور عیسیٰ پور نہر پر جمیلہ خاتون کے گھر کے بغل میں رہتی ہے۔اس نے مجھے کہا تھاuncle ایک بہت مجبور خاتون رہتی ہیں ایک بار ان کو دیکھ لیجئے۔ میں ان کے گھر 07-09-23 کو گیا اور وہاں ایک مرد اور ایک بوڑھی عورت کو دیکھا ایک آدمی جو جمیلہ کا شوہر تھا اسے کوڑھ کا مرض ہے۔میں ان کے بلکل قریب بیٹھا ایک روم تھا جو کچا مٹی کا تھا۔اس روم کا ایک دیوار بہت ہی Crack تھا گندہ سندا گھر تھا جمیلہ خاتون کا ایک پیر ٹوٹا ہوا ہے۔ غربت کی وجہ سے صحیح علاج نہیں ہوسکا یہ ایک ڈنڈا کے سہارے گھر ہی میں پاؤں گھسیٹ کر تھوڑا چل لیتی ہیں انہیں B.P اور Sugar بھی ہے۔دوا کے پیسے نہیں ہیں کھانے پینے کا بھی بڑا مسئلہ ہے۔جو ہی جوان کے بغل میں رہتی ہیں وہ اکثر کچھ نہ کچھ کھانے پینے کو دے دیتی ہے۔کبھی جمیلہ کی طبیعت ٹھیک رہی تو کچھ بنا کر کھالیتی ہیں۔شوہر جنہیں کوڑھ ہے وہ بہت ہی کمزور ہیں گھر پر پڑے رہتے ہیں غربت کی وجہ سے ان کا بھی علاج نہیں ہو پاتا۔ دونوں میاں بیوی کو دوا کے علاوہ کھانے پینے کی نہایت ضرورت ہے۔ میں نے انہیں ہر مہینے کھانے پینے کے لئے الخیر سے ایک ہذار روپئے کا انتظام اپنے بیٹے فیض خان اور صیف کے ذریعے کر دیا ہے۔ مستقل دوا کا انتظام کرنا ہے۔ جمیلہ اور ان کے شوہر کی عمر تقریباً ۶۰ سال کی ہوگئی۔<br><br>نوٹ۔اس کی تصویر میرے موبائیل میں Save ہے۔ | | |
| Rs. 1500/- | اختری خاتون جو پھلواری شریف کی رہنے والی ہیں۔ ان کے آنکھ کا آپریشن ہوا ہے۔ان کو چشمہ کی ضرورت تھی۔ساتھ ہی دوا کی بھی ضرورت تھی Eye Drop کافی مہنگا تھا۔لہذا انہیں چشمہ اور دوا کے لئے پندرہ سو روپئے دیا گیا۔ | 09-10-23 | 15 |

| Given Amount | Name of Patient | Date | SL-No | |
|---|---|---|---|---|
| ₹-3000/- | شمیمہ خاتو - محلہ بیت اکریم مسجد نیا ٹولہ، پھلواری شریف - پٹنہ - موبائل نمبر= 9031691865 یہ نمبر ان کے بیٹا کا ہے - ان کے آنکھ میں موتیا بین ہے cataract ان کا آپریشن PMCH میں ہونا ہے جس میں تین سے چار ہزار خرچ آئے گا - انھیں 3000/ روپے الخیر سے دیا گیا - | 21-11-23 | | 16 |